شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی مدظلہ
جامعہ اشرفیہ لاہور

# تعارف وتبصرہ کتب

**توضیح السنن جلد دوم** | امام نیموی کی مشہور عالم کتاب "آثار السنن" کی اردو شرح توضیح السنن مکمل ہو چکی ہے پہلی جلد ۶۵۱ صفحات پر مشتمل تھی اور دوسری جلد ۷۰۰ صفحات پر مشتمل ہے اور منظر عام پر آچکی ہے مصنف کبیر محقق علامہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی جامعہ اشرفیہ لاہور نے جلد دوم کے بیے وقیع اور جامع مقدمہ تحریر فرمایا ہے وہی بطور تبصرہ پیش خدمت ہے (ادارہ)

ملت اسلام میں احادیث نبویہ علی صاحبہا الف الف صلوات وتسلیمات کا مقام و مرتبہ نہایت بلند و اہم ہے۔ قرآن حکیم کے بعد احادیث نبویہ اسلامی اصول و فروع، فقہی احکام اور شرعی تعلیمات کا ثانی مرجع و ماٰخذ ہیں۔ چنانچہ احادیث مبارکہ کی حفاظت درحقیقت پورے اسلام کی حفاظت ہے۔ احادیث وسنن کی حفاظت کا بہترین ذریعہ تصنیف کتب حدیث ہے۔ کتب حدیث وسنت تبلیغ احادیث و حفاظت شریعت اسلامیہ کا قوی ذریعہ ہیں۔

فطوبیٰ لہذہ الکتب المبارکۃ وطوبیٰ ثم طوبیٰ لمصنفیہا وجامعیہا ان مبارک کتب حدیث میں سے ایک نافع واہم کتاب آثار السنن تالیف محدث اکمل وشیخ اجل امام ہمام علامہ اجل محقق افضل مولانا محمد بن علی ابوالخیر ملقب بہ ظہیر الدین نیموی رحمہ اللہ تعالیٰ ہے۔ یہ کتاب برصغیر کے علماء کبار وصغار میں نہایت مقبول، مشہور اور تحقیقات مسائل فقہیہ و تدقیقات وغوامض حدیثیہ میں مرجع الانام ہے۔ محدثین عصر ہذا وفقہاء زمانہ ہذا نہایت شیفتگی سے اس کے گرویدہ ہیں۔ تقریباً ہر محدث اسے اپنے پاس رکھنا لازم اور ضروری سمجھتا ہے۔ یہ کتاب اپنے موضوع میں نہایت جامع محقق نافع ومعتمد علیہ ہے۔ اس کتاب کی مقبولیت وشہرت و مرجع اہل علم ہونے کے اسباب تین ہیں۔

**اول**:- یہ کہ وہ ابحاث فنیہ دقیقہ غریبہ وحقائق علمیہ حدیثیہ عجیبہ و مآخذ نکات وادلہ فقہیہ قویہ پر مشتمل ہونے کے علاوہ صغیر الحجم وکبیر العلم ہے۔ وہ باعتبار ظاہری عبارات موجز و مختصر ہے لیکن بلحاظ معنوی ایماءات وعلمی اشارات وفقہی استخراجات مطول ومبسوط ہے لہذا اسے سہل ممتنع اور علم کا کھاپہ مرتفع کہنا بعید نہیں۔

**دوم**:- یہ کہ وہ صحیح وحسان وقوی احادیث وموثوق علیہ آثار کا دلکش مجموعہ ہے اس سلسلے میں وہ